**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 25-06-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وفاقی حکومت نے خصوصی توجہ نہ دی تو بلوچستان کی حالت سو سال میں بھی نہیں بدلے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کی ون ٹو ون طویل ملاقات | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔گوادر کو پانی اور بجلی فراہمی کے منصوبوں میں تعطل قابل نہیں، وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارارت |
| 4۔مقامی لوگوں کی زندگی میں بہتری لائے بغیر ترقی بے معنی ہے، وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔چین نے قرضہ نہیں گرانٹ دی سابقہ حکومت نے گوادر میں صرف 37 فیصد ترقیاتی کام کیا، وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔بلوچستان حکومت افغان زلزلہ متاثرین کی ہر ممکن مدد کرے گی، ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔منگچر کے زرعی ٹیوب ویلز کو ایک گھنٹہ اضافی بجلی فراہم کی جائے گی، ہاشم نوتیزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔پنجگور میں یونیورسٹی آف مکران کا قیام میرا خواب اور وژن تھا، اسد بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینگے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔بجٹ تاریخی صوبے کے کسی حلقے کو نظر انداز نہیں کیا گیا ارکان اسمبلی، اسٹاف رپورٹر | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔گوادر سی پیک منصوبے کے ماتھے کا جھومر ہے، ترجمان صوبائی حکومت | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔جدوجہد کا مقصد صوبے کے ساحل وسائل پر اختیار حاصل کرنا ہے، بی این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔کرپشن وبدانتظامی نے کوئٹہ کو گھمبیر مسائل سے دوچار کر دیا، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔کارکن وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے کفن پوش دھرنے کی تیاری کریں، قاری مہراللہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔خواتین کو بااختیار بنا کر صنفی امتیاز سے بچایا جاسکتا ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | مشرق ودیگراخبارات |
| 16۔چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی گوادر کے دورہ پر پہنچ گئے | مشرق ودیگراخبارات |

## امن و امان

بیوی کا قتل ثابت ہونے پر عمر قید اور جرمانے کی سزا، پشین، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، قلات، لیویز نے دو مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا، قبائلی رہنما کے گھر پر دستی بم حملہ، کوئٹہ، جانور چوری کرنے والا ملزم گرفتار، نوشکی لیویز نے چوری شدہ 27 سولر پلیٹس برآمد کر لیں، کھیرتھر کینال سے سیف آباد کے مقام پر نامعلوم شخص کی لعش برآمد۔

## عوامی مسائل

قلعہ عبداللہ میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ زراعت پالیسی کا حصہ ہے، صوبہ کی فلور بند ہونے کے قریب پہنچ گئیں، کوہلو گیسٹرو کی زد میں مریضوں کی تعداد میں روزانہ اضافہ ہونے لگا، پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں میں پانی کی قلت کیسانوں کی مویشیوں سمیت نقل مکانی۔

**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**مورخہ24-06-2022**

## اداریہ

روزنامہ آزادی نیوز کوئٹہ نے "**کالعدم ٹی ٹی پی سے مذاکرات بلوچستان کیوں نہیں؟بی این پی اور نیشنل پارٹی کا کردار**" ملک کو اس قوت سب سے زیادہ استحکام کی ضرورت ہے اور یہ استحکام امن سے مشروط ہے کوئی بھی ملک بغیر امن کے ترقی نہیں کرسکتا۔ پاکستان میں بدامنی کی وجہ سے سرمایہ کاری پر بہت زیادہ فرق پڑا ہے جس کی وجہ سے سرمایہ کاری پر بہت زیادہ فرق پڑا ہے جس کی وجہ سے متعدد مما لک نے پاکستان کے اندر سرمایہ کاری کا رسک نہیں لیا۔اندرون کا نہ حالات بہتر ہو جائیں تو سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑے گا اس کیلئے امن پر زور دینا انتہائی ضروری ہے یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی سے بات چیت کے متعلق مشاورت حکومت کی جانب سے کی جارہی ہے۔قومی سلامتی کمیٹی نے کہا ہے کہ لعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) سے متعلق حتمی فیصلہ پارلیمنٹ کیمنظوری اور تفاق رائے سے کیا جائے گا۔جس کی وجوہات پر آئندہ کبھی بات ہوگی مگر بلوچستان کے مستقبل کی خاطر ان جماعتوں کو فراخدلی سے بڑے فیصلے کرنے ہونگے تا کہ بلوچستان میں امن کے ساتھ خوشحالی اور ترقی آسکے ۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**ترقی یافتہ بلوچستان مستحکم پاکستان**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان مین زرعی شعبے کودرپیش بجلی کے سنگین مسائل**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Modification of agri-sector" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Health Affairs" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضمون

روزنامہ قدرت نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کی محرومی آخر کب تک ۔؟**" کے تحریر محمد نسیم رنزوریا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 5


# خواتین کو بااختیار بناکر صنفی امتیاز سے بچایا جاسکتا ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

## یونیورسٹیوں اور کالجز میں طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سکلز ڈویلپمنٹ کی تربیت دی جائیگی

## ہمیں اغیار کی تقلید کی بجائے دین اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں پائیدار ترقی کی منازل طے کرنی ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ترقی نسواں پروگرام کی تکنیکی معاونت اور پالیسی پر عملدرآمد کے لیے مشترکہ منصوبہ بندی کی جارہی ہے اس عمل سے حقیقی معنوں میں خواتین کو بااختیار بناکر صنفی امتیاز سے بچایا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو جامعہ بلوچستان میں ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام منعقدہ شعوری آگاہی کے ایک پروگرام میں بحیثیت مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر عمر بابر، ڈپٹی سیکرٹری جہاں آراء تبسم، ڈائریکٹر شازیہ ریاض، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر شفیق الرحمن، کرنل آفریدی، ڈی کے بلوچ نے بھی خطاب کیا، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ عورتوں کی بہبود وترقی کی راہ میں حائل مشکلات ورکاوٹوں کی روک تھام فنی معاونت کے ذریعے کی جائے گی اس ضمن میں مختلف اوقات کار میں بنائی جانیوالی پالیسیوں کے نفاذ اور عملدرآمد کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کے اشتراک سے جامع حکمت عملی بنائی جارہی ہے جس پر عمل پیرا ہونے سے عورتوں کو معاشی و معاشرتی سطح پر بااختیار بنایا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیوں اور کالجوں میں طالبات کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سکلز ڈویلپمنٹ کی تربیت دی جائیگی تاکہ وہ آئی ٹی کی تعلیم وتربیت سے مزین ہوسکیں ویمن ڈویلپمنٹ پیکجز پر موثر عملدرآمد کے لیے ابلاغی مہم اور سٹیک ہولڈرز کی کانفرنسز کا انعقاد بھی اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوسکتا ہے پارلیمانی سیکرٹری قانون نے کہا کہ دیہی وشہری علاقوں کی خواتین کو ان کے مجوزہ قانونی حقوق اور حکومتی سہولیات سے آگاہ کرنا سول سوسائٹی کے تمام طبقات کی معاشرتی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں اغیار کے کردار اور طریق معاشرت کو نہیں بلکہ دین اسلام کی جامع تعلیمات کی روشنی میں پائیدار ترقی کی منازل طے کرنی ہیں۔

# بلوچستان کو آبی وسائل کی شدید کمی کا سامنا ہے، آغا حسن بلوچ

## انجینئرز پانی کے مسئلے کو فوری طور پر حل کرنے کے لیے صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

کوئٹہ (اے این این) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ نے پاکستان میں پانی کے مسائل پر پاکستان انجینئرنگ کونسل میں جنرل سیمینار سے خطاب.......

بقیہ نمبر 7 صفحہ 10 پر

کرتے ہوئے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کو آبی وسائل کی شدید کمی کا سامنا ہے اور یہ مسئلہ روز بروز شدت اختیار کرتا جارہا ہے۔ وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ نے انجینئرز بلوچستان میں پانی کے مسئلے کو موثر طریقے سے اور فوری طور پر حل کرنے کے لیے اپنی بہترین صلاحیتوں اور وسائل کو بروئے کار لانے میں فوری اور موثر انداز میں انجام دیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 6


# بجٹ تاریخی ہے، صوبے کے کسی حلقے کو نظر انداز نہیں کیا گیا، ارکان اسمبلی

## نہ صرف حکومتی بلکہ اپوزیشن اراکین بھی مطمئن ہیں، گزشتہ بجٹ اجلاس کے دوران ارکان اسمبلی پر بکتر بند گاڑیاں چڑھائی گئیں

### پی ایس ڈی پی میں تمام اضلاع کو یکساں نمائندگی دی گئی ہے، زابد ریکی، بشریٰ رند، خلیل جارج، سید عزیز اللہ، مکھی شام لال، نصر اللہ زیرے و دیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں حکومتی و اپوزیشن ارکان نے آئندہ مالی سال کے صوبائی بجٹ کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی مرتبہ بجٹ میں صوبے کے کسی حلقے کو نظر انداز نہیں کیا گیا، تمام حلقوں کے لیے یکساں فنڈز مختص کیے و پی ایس ڈی پی میں تمام اضلاع کو یکساں نمائندگی دی گئی ہے نئے مالی سال کا بجٹ بہترین ہے جس سے نہ صرف حکومتی بلکہ اپوزیشن اراکین بھی مطمئن ہیں، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 45 منٹ کی تاخیر سے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں اپوزیشن رکن زابد علی ریکی نے سالانہ میزانیہ بابت مالی سال 2022-23 پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت بشمول وزیر اعلیٰ بلوچستان خراج تحسین کے مستحق ہیں انہوں نے کہا کہ جام کمال خان کی حکومت نے اپوزیشن کے حلقوں کو بری طرح نظر انداز کیا تھا گزشتہ بجٹ اجلاس کے دوران ارکان اسمبلی پر بکتر بند گاڑیاں چڑھائی گئیں ان پر مقدمات درج کیے گئے ارکان اسمبلی تھانے میں تھے اور یہاں ایوان سے بجٹ منظور کرایا گیا جبکہ اس کے برعکس موجودہ صوبائی حکومت نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تمام حلقوں کے لیے یکساں فنڈز مختص کیے۔ پی ایس ڈی پی میں صوبے کے تمام اضلاع کو یکساں نمائندگی دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ تین سال کے دوران نظر انداز کیے جانے والے ضلع واشک کے لیے مختلف منصوبوں کی مد میں خطیر رقم بجٹ میں رکھی ہے پی ایس ڈی پی میں واشک تا ناگ سی پیک شاہراہ کے لیے ایک ارب روپے کے فنڈز رکھے گئے ہیں یہ منصوبہ وہاں کے عوام کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے واشک کے لیے تعلیم، صحت کے شعبوں سمیت واٹر سپلائی اور توانائی کے منصوبے رکھے گئے ہیں واشک کے لیے خطیر رقم مختص کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان و صوبائی کابینہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند نے رواں مالی سال کے بجٹ کو تاریخی قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی کابینہ نے متعلقہ محکموں کے حکام کے ساتھ مل کر طویل محنت سے صوبے کو ایک بہترین بجٹ دیا بجٹ میں صوبے کے تمام حلقوں میں صحت، تعلیم، آبنوشی سمیت دیگر منصوبے شامل کیے گئے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور خلیل جارج نے کہا کہ عوام کے نمائندوں نے اپنا حق ادا کرتے ہوئے عوامی نوعیت کے منصوبے پی ایس ڈی پی میں شامل کرائے، بجٹ سے حکومت اور اپوزیشن کے ارکان مطمئن ہیں بلاتعصب پی ایس ڈی پی میں تمام حلقوں کو یکساں اہمیت دی گئی ہے کسی حلقے کو نظر انداز نہیں کیا گیا۔ 75 سال میں پہلی مرتبہ بجٹ میں پندرہ کروڑ روپے اقلیتوں کے ڈائریکٹریٹ کے قیام کیلئے رکھے گئے یہ پاکستان کا پہلا ڈائریکٹریٹ ہوگا جو بلوچستان میں قائم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کے لئے الگ محکمہ قائم ہونے سے ان کی فلاح و بہبود ہوگی۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن سید عزیز اللہ آغا نے کہا کہ بجٹ میں صوبے کے تمام حلقوں کو مساوی توجہ دی گئی ہے ہمیں گزشتہ بجٹ بھی یاد ہے جب اپوزیشن ارکان پر بکتر بند گاڑیاں چڑھائی گئیں انہیں جیلوں میں بند کیا گیا انہوں نے کہا کہ 2022-23 کے بجٹ میں صوبے کی منتشر آبادی کے پیش نظر محدود وسائل میں رہتے ہوئے حکومت نے اطمینان بخش بجٹ تیار کیا ہے حکومت نے آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رکھا تو بلوچستان بہتری کی راہ پر گامزن ہوگا۔ جمعیت کے رکن اسمبلی مکھی شام لال لاسی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بلوچستان کو مثالی بجٹ دیا ہے جس سے صوبے کے عوام مستفید ہوں گے، تمام اضلاع کی ضروریات کے مطابق ان کیلئے بجٹ میں ترقیاتی منصوبے رکھے گئے ہیں جس سے صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ پشتونخوامیپ کے رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 17 جون 2021 کو پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری و صوبائی صدر عثمان خان کاکڑ قاتلانہ حملے کی نتیجے میں شدید زخمی ہوئے جنہیں علاج کے لیے کراچی منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج شہید ہوگئے۔ اس سانحے کو ایک سال گزر چکا لیکن ان کے قتل کی تحقیقات نہ ہوسکی۔ انہوں نے ایوان بالا میں اپنی آخری تقریر میں کہا تھا کہ انہیں دھمکیاں مل رہی ہیں اس وقت بھی ہم نے مطالبہ کیا تھا کہ عثمان لالا کے قتل کی تحقیقات سپریم کورٹ کے جسٹس فائز عیسیٰ کی سربراہی میں کرائی جائے آج بھی ہمارا مطالبہ ہے کہ عثمان لالا کے قتل کے تحقیقات کے لیے جسٹس فائز عیسیٰ کی سربراہی میں کمیشن قائم کیا جائے، انہوں نے کہا کہ 31 مئی کو ہرنائی کے علاقے خوست میں مائنز دھماکے میں دو افراد شہید ہوئے 17 جون کو اسی علاقے سے 4 افراد کو اغوا کیا اور دو کو شہید کیا گیا، انہوں نے کہا کہ لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں حکمران ہوش کے ناخن لیں گزشتہ روز وزیرستان میں چار نوجوانوں کو شہید کیا گیا ہے اس طرح قومی تحریکوں کو کمزور نہیں کیا جاسکتا۔ ان کی استدعا پر اسمبلی میں شہید عثمان کاکڑ ہرنائی اور وزیرستان میں شہید ہونے والوں کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے کہا کہ افغانستان میں بہت بڑا سانحہ رونما ہوا ہے پاکستان سمیت دیگر ممالک کو افغانستان کی مدد کرنی چاہیے۔ پوائنٹ آف آرڈر پر بی این پی کے رکن بلوچستان اسمبلی احمد نواز بلوچ نے کہا کہ بجٹ میں فزیوتھراپسٹس کیلئے نئی اسامیاں مختص نہیں کی گئی ہیں انہوں نے استدعا کی کہ بجٹ میں فزیوتھراپسٹس کے لئے اسامیاں مختص کی جائیں۔ بعد ازاں ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے اجلاس آج سہ پہر 4 بجے تک ملتوی کر دیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 8


## سول ہسپتال کا پیڈز سرجری یونٹ فعال، بچوں کے مفت آپریشن کئے جائینگے

یہ ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے جدوجہد کے ثمرات ہیں کہ آج عوام کو علاج کی بہترین سہولیات مل رہی ہیں، ینگ ڈاکٹرز

ڈاکٹر امین مندوخیل اور سابقہ ایم ایس ڈاکٹر جاوید اختر کی کوششوں سے کروڑوں روپے کا عطیہ سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ کو دیا گیا، بیان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی 06 ماہ کی طویل جدوجہد رنگ لے آئی، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کا پیڈز سرجری وارڈ مکمل طور پر فعال ہوگیا ہے، ترجمان ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ میں پیڈز سرجری (بچوں کی سرجری) کا وارڈ دوبارہ فعال بنادیا گیا ہے، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے پیڈز سرجری وارڈ میں بچوں کے مفت آپریشن........ بقیہ نمبر 57 صفحہ 10 پر

کئے جائیں گے، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے پیڈز سرجری وارڈ کو دو سال قبل ختم کرکے چلڈرن ہسپتال منتقل کردیا گیا تھا، ترجمان ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے روز اول سے سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ میں پیڈز سرجری وارڈ کے خاتمے کی مخالفت کررکھی تھی ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے 06 ماہ تک سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کی عدم دستیابی اور سرکاری ہسپتالوں کی بیکاری کے خلاف احتجاج ریکارڈ کرایا، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے پیڈز سرجری وارڈ کو واپس فعال بنانے کیلئے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے سر توڑ کوشش کی، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے پیڈز سرجری وارڈ کیلئے تمام تر سامان تعمیر خلق فاؤنڈیشن نے عطیہ کیا جسے ممکن بنانے میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی اور ہسپتال کی انتظامیہ کا کلیدی کردار رہا، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے اپنے 06 ماہ کی طویل جدوجہد کے بعد مذاکرات کے نتیجے پر عوامی مفاد کو اپنے ذاتی مفاد پر ترجیح دے کر سرکاری ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حکومت کے ساتھ جو کامیاب مذاکرات کئے اس کے ثمرات آج عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں علاج کے بہترین سہولیات کی فراہمی کے شکل میں مل رہے ہیں، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے 06 ماہ کی طویل جدوجہد اور 31 دن کی جیل کاٹنے کے بعد آج سنڈیمن پراونشل ہسپتال میں کارڈیک سرجری وارڈ کا فعال ہونا، انجیوگرافی مشین کی مرمت کے بعد کیتھ لیب کا فعال ہونا، پیڈز سرجری وارڈ کا مکمل فعال ہونا، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے شعبہ حادثات کو ایمرجنسی میڈیسن کا درجہ دے کر وہاں سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی تعیناتی، سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کیلئے ایم آر آئی مشین کا فنڈز رہونا، سنڈیمن پراونشل اسپتال کوئٹہ کے ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کو 24 گھنٹے فنکشنل بنانے کیلئے ضروری اقدامات کرنا ہے۔

## زیارت سنجاوی روڈ کی ناقص تعمیر، سیکرٹری مواصلات کا ایکشن، کام بند کرادیا

چیف انجینئر سی زون کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی قائم، تین دن کے اندر رپورٹ پیش کرنیکی ہدایت

سرکاری وسائل عوام کی امانت، ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہوگا، روشن علی شیخ

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات روشن علی شیخ نے زیارت تا سنجاوی روڈ کی تعمیر کے معائنے کے دوران غیر معیاری کام اور ناقص میٹیریل کے استعمال پر ایکشن لیتے ہوئے روڈ کی تعمیر کا کام تاحکم ثانی بند کرنے کا حکم دیتے ہوئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی چیف انجینئر سی زون کی سربراہی میں قائم کر دی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے روڈ کا تفصیلی معائنہ کرنے اور انکوائری رپورٹ تین دن میں پیش کرنے کی ہدایت کی اس ضمن میں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے انکوائری کمیٹی کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی یہ واضح ہدایات ہیں کہ ترقیاتی منصوبوں میں اگر کوئی بھی کمی بیشی اور منصوبوں کے معیار کے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت موصول ہوئی تو متعلقہ حکام کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی ترقیاتی منصوبے چاہیں روڈز ہوں یا بلڈنگز ان کی تعمیر کے معیار پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے تمام ضلعی انجینئرز اور آفیسران اپنے اپنے اضلاع میں جو بھی ترقیاتی منصوبے ہیں انکی موثر نگرانی کو یقینی بنائیں۔

INTEKHAB QUETTA

## گوادر میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ایگل اسکواڈ کی تشکیل

شہر میں پٹرولنگ کریں گے، کسی بھی ممکنہ گڑبڑ کی صورت میں فوری کارروائی کے لیے تیار رہیں گے

گوادر (این این آئی) بلوچستان کے اہم ساحلی شہر گوادر میں امن وامان کی صورت حال برقرار رکھنے اور جرائم پر قابو پانے میں خصوصی مدد کیلئے پولیس کا ایگل اسکواڈ تشکیل دے دیا گیا، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس مکران ڈویژن غلام اظفر مہیسر کے مطابق آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ کی ہدایت پر تشکیل دیے گئے ایگل اسکواڈ میں فی الحال 40 جوان مختص کیے گئے ہیں جن میں ضرورت کے مطابق اضافہ بھی کیا جاسکے گا، ایگل اسکواڈ کے ارکان گوادر شہر میں پٹرولنگ کریں گے اور کسی بھی ممکنہ گڑبڑ کی صورت میں فوری کارروائی کے لیے تیار رہیں گے۔

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 11


## گوادر کے جنید کو فورسز نے دوران حراست قتل کردیا ہے، مولانا ہدایت

### وزیر اعظم سمیت اعلیٰ حکام دوروں میں صرف مخصوص طبقے سے ملاقات کرتے ہیں

گوادر (آن لائن) حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان نے دعویٰ کیا ہے کہ گوادر کے رہائشی لاپتہ جنید ولد اللہ بخش کو پاکستانی فورسز نے دوران حراست قتل ........ بقیہ نمبر 26 صفحہ 10 پر

کردیا ہے اور لاش ابھی لواحقین کے حوالے نہیں کی ہے۔ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر کے رہائشی جنید بلوچ ولد اللہ بخش کو 12 اکتوبر 2012 کو اوجل زیرو پوائنٹ سے جبری گمشدگی کا شکار بنایا گیا مولانا ہدایت الرحمان نے یہ بات پاکستانی وزیر اعظم شہباز شریف کے آج دورہ گوادر کے موقع پر اس کے راستے پر دیے گئے دھرنے سے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اندرونی ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ لاپتہ جنید اللہ بخش جو پچھلے کئی سالوں سے لاپتہ ہیں انہیں دوران حراست قتل کرکے لاش ابھی لواحقین کے حوالے نہیں کی گی۔ خیال رہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف آج دورہ گوادر پہنچنے والے ہیں وہیں گوادر کے لوگ اپنے مطالبات کے حق میں اس کے راستے پر دھرنا دیے بیٹھے ہوئے ہیں۔ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، حسین واڈیلہ نے مقامی ماہیگیروں کے ہمراہ گزشتہ روز وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ گوادر کے موقع پر احتجاج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ گوادر پورٹ کے سامنے وزیر اعظم کا مزاحمتی استقبال ہوگا۔ انکا کہنا تھا کہ ہزاروں ماں کے لخت جگر لاپتہ ہیں لوگ مہنگائی کے ہاتھوں پریشان، سرحدی کاروبار کی بندش اور سیکورٹی فورسز کی رویہ میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے گزشتہ روز مولانا ہدایت الرحمان نے کہا تھا کہ گوادر، مکران اور بلوچستان کے مسائل مسلسل نظر انداز کرنے اور لاپتہ افراد کی عدم بازیابی پر حق دو تحریک وزیر اعظم میاں شہباز شریف کے دورہ گوادر کے موقع پر 24 جون بروز جمعہ صبح 11 بجے پورٹ روڈ پر احتجاج کرے گی، وزیر اعظم کا مزاحمتی استقبال کیا جائے گا انہوں نے گوادر کے تمام لوگوں کو شرکت کی دعوت دی تھی انہوں نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے۔ گوادر و مکران کے مسائل حل نہیں ہورہے۔ اعلیٰ حکام اپنے دوروں میں صرف مخصوص طبقے سے ملاقات کرتے ہیں اس وجہ سے عوام کے جائز بنیادی مسائل پر چشم پوشی ہورہی ہے۔ حاشیہ برداروں کو خوش رکھنے کی پالیسی اب نہیں چلے گی۔

## کارکن وزیر اعلیٰ ہاؤس کے سامنے کفن پوش دھرنے کی تیاری کریں، قاری مہر اللہ

### وزیر اعلیٰ نے سائنس کالج بم دھماکہ کے شہدا اور زخمیوں کو معاوضہ دینے کا وعدہ پورا نہیں کیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا نیاز محمد حاجی عبید اللہ حقانی........ بقیہ نمبر 16 صفحہ 10 پر

مولانا خدائے نظر، حاجی محمد نور اخوندزادہ مولانا محمد ابراہیم تاور خان اچکزئی مولوی رحمت اللہ حقانی، حاجی فیض اللہ اخوندزادہ و حاجی مصباح الدین مولوی صالح محمد نے کہا کہ سائنس کالج کے شہدا اور زخمیوں کو معاوضہ کی عدم ادائیگی کے خلاف 30 جون کو وزیر اعلیٰ ہاؤس کے سامنے کفن پوش دھرنے کے لیے تمام یونٹس آج سے تیاری کرے حکومت کی تسلیوں کی وجہ سے ہم نے بہت صبر کا دامن تھاما تھا اور مزید صبر ختم ہوچکا ہے ختم والا دھرنا ہوگا اور پورے بلوچستان کی سڑکوں پر دمادم مست قلندر ہوگا انہوں نے کہا کہ ہمارے کارکن لاوارث نہیں انہوں نے کہا کہ سائنس کالج بم دھماکہ میں ہونیوالی شہدا اور زخمیوں کی معاوضہ پر وزیر اعلیٰ نے جو وعدہ کیا تھا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. M

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 12

## بیوی کا قتل ثابت ہونے پر عمر قید اور جرمانے کی سزا

کوئٹہ (آئی این پی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون کوئٹہ محمد افضل کاکڑ نے اہلیہ کے مقدمہ قتل میں نامزد ملزم کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور دو لاکھ روپے مقتولہ کے ورثا کو بطور معاوضہ ادا کرنے کا حکم دے دیا ہے عدالت نے زیر دفعہ 325 کے تحت جرم ثابت ہونے پر بھی مذکورہ ملزم کو مزید ایک سال قید کی سزا سنائی استغاثہ کے مطابق ملزم محمد جنید ولد گل زیب نے 2021 نومبر کو ریلوے ٹریفک کالونی کوئٹہ میں واقع گھر میں اپنی اہلیہ کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کی کوشش کی تھی رقم کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔

## پشین: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

پشین (نامہ نگار) پشین میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا، تفصیلات کے مطابق پشین کے نواحی علاقے کلی الہ آباد میں جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مرتضیٰ نامی شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ڈی ایچ کیو ہسپتال پشین منتقل کر دیا۔ مزید تفتیش پشین پولیس کر رہی ہے۔

## منگچر: نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے لیویز اہلکار زخمی

قلات (نامہ نگار) منگچر بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دفعہ دار لیویز جوبان غلام مصطفیٰ لہڑی شدید زخمی ہو گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## قلات، لیویز نے دو مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا

قلات (نامہ نگار) لیویز نے مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس اور لیویز نے بازار ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے ایک مقدمے میں نامزد ملزمان نصیر احمد ولد نور محمد، زہری خان ولد نصیر احمد ضلع خضدار کو گرفتار کر لیا ملزمان سے تفتیش جاری ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# کوئٹہ' جانور چوری کرنے والا ملزم گرفتار

## عمران خان نامی شخص نے 96 مال مویشی چوری ہونے کا مقدمہ درج کرایا تھا

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں دوست کے قربانی کے جانور چوری کر کے سستے داموں فروخت کرنے والے ملزم کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 9 جون کو عمران خان نامی شخص نے کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ کلی راغہ سے 96 عدد مال مویشی چوری ہونے کا مقدمہ درج کرایا تھا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ دنوں کوئٹہ کے مشرقی بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

بائی پاس پر واقع بکرا منڈی میں بیوپاریوں نے دیکھا کہ ایک شخص 40 اور 45 ہزار روپے قیمت کے دنبوں اور بکروں کو محض پندرہ بیس ہزار روپے میں فروخت کر رہا ہے تو انہیں معاملہ مشکوک لگا اور پولیس کو اطلاع دی جس پر پولیس عبدالحمید نامی شخص کو 90 بکروں اور دنبوں کے ہمراہ پکڑ کر تھانے لے گئی اور تحقیقات شروع کی تو معلوم ہوا کہ یہ مال مویشی چوری کے ہیں پولیس تھانہ ہنہ کے ایس ایچ او گل محمد نے بتایا کہ گرفتار ملزم عبدالحمید مویشیوں کے مالک عمران خان کا دوست ہے واردات والی رات عمران نے دوست کے لیے دعوت بھی کی تھی تاہم وہ دعوت کھانے نہیں آیا تھا۔

## نوشکی لیویز نے چوری شدہ 27 سولر پلیٹس برآمد کر لیں

نوشکی (آن لائن) لیویز فورس کی کارروائی چوری شدہ سولر پلیٹ برآمد لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم چوروں نے عمر شاہ سور گوا ایریا سے ایک زرعی بور کے 27 شمسی پلیٹ بمعہ سامان کے ساتھ چوری کر کے لے گئے رپورٹ درج ہونے کے بعد میجر رسالدار لیویز فورس سردارزادہ بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

بہرام خان مینگل کی سربراہی میں لیویز فورس نے گزشتہ رات کارروائی کر کے شمسی پلیٹ بمعہ سامان برآمد کر لی چوروں نے پلیٹ ریت میں چھپا رکھے تھے نامعلوم ملزمان کی گرفتاری کے لیے لیویز فورس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

## کھیر تھر کینال سے سیف آباد کے مقام پر نامعلوم شخص کی نعش برآمد

اوستہ محمد (آن لائن) کھیر تھر کینال سے سیف آباد کے مقام پر نامعلوم شخص کی نعش برآمد پولیس تھانہ باغ ہیڈ ایس ایچ او ندیم خان بہرانی کی نگرانی میں کھیر تھر کینال سے لاش نکالا گیا نعش کی شناخت نہ ہو سکی، مزید پولیس تفتیش کر رہی ہے نعش ایک ہفتہ پرانی لگ رہی ہے۔

AZADI QUETTA

## قبائلی رہنما کے گھر پر دستی بم حملہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے ریلوے اسٹیشن کے قریب نامعلوم تخریب کاروں نے قبائلی رہنما سردار خان شر کے گھر پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے جس سے گھر کے مین گیٹ اور گھر میں کھڑی گاڑی کو شدید نقصان پہنچا اور قریبی گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے دھماکہ اس قدر زوردار تھا کہ دور دور تک آواز سنی گئی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او ٹی ڈیرہ مراد جمالی سکندر سعید عمرانی سی ٹی ڈی اور سپیشل برانچ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی ہے۔ مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 25 JUN 2022 Page No. 13


## قلعہ عبداللہ میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ زراعت کش پالیسی کا حصہ ہے

کاکڑ

**بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے سبب زمیندار اپنے زرعی اخراجات پورے نہیں کر پا رہے جسکی وجہ سے وہ مقروض اور زراعت کو خیر باد کہنے پر مجبور ہیں**

**پشتون اضلاع کا معاشی استحصال کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، جائز حقوق کا تحفظ یقینی بنائیں گے، پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما کا پریس کانفرنس سے خطاب**

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور بزرگ سیاستدان بسم اللہ خان کاکڑ نے نیشنل پریس کلب قلعہ عبداللہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ زراعت کش پالیسی کا حصہ ہے لیکن کیسکو کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے، پشتون اضلاع کا معاشی استحصال کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے سبب زمیندار اپنے زرعی اخراجات پورے نہیں کر پا رہے جسکی وجہ سے وہ مقروض اور زراعت کو خیر باد کہنے پر مجبور ہو رہے ہیں، ضلع قلعہ عبداللہ اور گرد و نواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے کیونکہ یہاں ایندھن کا کوئی متبادل انتظام بھی نہیں ہے لوگوں کو ایندھن کی ضروریات پوری کرنے کیلئے قیمتی پھل دار کاٹنا پڑتا ہے جو سراسر ناانصافی اور ظلم کی انتہا ہے، انہوں نے کہا کہ کم وولٹیج کیساتھ چند گھنٹوں کیلئے دی جانے والی بجلی صارفین کے کسی کام کی نہیں ہے، کیسکو حکام کو درجنوں بار آگاہ کرنے کے باوجود مسئلہ کا حل نہ ہونا سمجھ سے بالاتر ہے، ضلع کے عام صارفین اور زمیندار طبقہ کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے اور مزید بجلی کی طویل دورانیہ کیلئے بجلی کی بندش برداشت نہیں کر سکتے، انہوں نے کہا کہ عین پھلوں کی تیاری اور فصلات کی تیاری کے موقع پر جان بوجھ کر بجلی بند کردی جاتی ہے تاکہ زمینداران نان شبینہ کے محتاج ہو جائیں لیکن پیپلز پارٹی کے ہوتے ہوئے ایسا نہیں ہوگا کیسکو کی جانب سے ان کے وعدے وفا نہ ہونے کی مذمت کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ امسال گرمی کی شدت میں بھی اضافہ ہوا ہے ایسے میں اگر بجلی نہ ہو تو راتوں کو لوگوں کا سکون غارت ہو جاتا ہے، بسم اللہ خان کاکڑ نے واضح طور پر اعلان کیا کہ ضلع قلعہ عبداللہ کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار نہ دیا گیا تو علاقہ معتبرین کی مشاورت سے اجلاس طلب کر کے تحت لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

## کوہلو گیسٹرو کی زد میں مریضوں کی تعداد میں روزانہ اضافہ ہونے لگا

**محکمہ صحت خواب خرگوش میں مبتلا، قیمتی جانیں بچانے کیلئے جلد ٹیمیں روانہ کی جائیں، مرزا غالب مری**

**نواحی کلی جمالیان میں گیسٹرو کی وباء تیزی سے پھیلنے لگی زیادہ تر بچے اور بوڑھے متاثر، کوئی نوٹس لینے والا نہیں**

**المیہ یہ ہے کہ ضلع بھر کے کسی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر موجود نہیں، خواتین مریضوں کو علاج و معالجہ میں دقت کا سامنا ہے، بیان**

کوہلو (آن لائن) ضلع بھر میں گیسٹرو کی وباء پھیلتی جا رہی ہے محکمہ صحت خواب خرگوش میں مبتلا ضلع بھر کے کسی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر موجود نہیں صوبائی وزیر تعلیم و سیکرٹری صحت فوری نوٹس لے کر ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائیں اور گیسٹرو کی وباء کنٹرول کرنے کیلئے ٹیمیں روانہ کی جائیں تاکہ انسانی زندگیاں بچائی جاسکیں' کوہلو کے نوجوان سیاسی رہنما مرزا غالب مری نے اپنے ایک جاری بیان میں کہا کہ بلوچستان کے ضلع کوہلو کے نواحی کلی جمال بان میں گیسٹرو کی وباء پھوٹ پڑی اب یہ وباء پھیلتی جا رہی ہے وباء سے زیادہ تر بچے اور بوڑھے متاثر ہوتے جا رہے ہیں ان کا مزید کہنا ہے ضلع بھر کے کسی بھی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر موجود ہی نہیں افسران غفلت سے کام لے رہے ہیں جس کی بناء پر انسانی زندگیوں کو خطرات لاحق ہو گئے حلقے سے منتخب صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری اور سیکرٹری صحت فوری نوٹس لے کر ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔


INTEKHAB QUETTA


## صوبہ کی فلور ملز بند ہونے کے قریب پہنچ گئیں

**محکمہ خوراک نے گندم کی خریداری نہیں کی، بحران پیدا ہونے کا خدشہ**

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ خوراک حکومت بلوچستان کی نااہلی، صوبائی حکومت مارچ میں پکنے والے گندم کی خریداری کیلئے جون میں حرکت میں آئی، پنجاب سندھ و دیگر نے اپریل میں گندم کی خریداری کا ہدف پورا کرالیا، صوبائی وزیر داخلہ کے گندم پر پابندی ہٹانے کے احکامات بھی ہوا میں اڑا دیئے گئے فلور ملز بند جبکہ زمیندار پریشانی سے دوچار ہیں، تفصیلات کے مطابق


بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر


بلوچستان میں گندم کی کاشت مارچ کے مہینے میں پک جاتی ہے جس کے بعد کاشتکار و زمیندار گندم کو فروخت کیلئے مارکیٹ لاتے ہیں جبکہ سندھ اور پنجاب کی کوشش اپریل ہی میں گندم کی خریداری کا ہدف مکمل کرلیا ہے جس کے بعد مذکورہ صوبوں میں گندم کی ترسیل پر پابندی عائد کی گئی ہے جبکہ بلوچستان میں مارچ میں پکنے والی گندم کی خریداری حکومت وقت کو جون میں یاد آیا اور دفعہ 144 نافذ کرکے پورے صوبے میں گندم کی ترسیل پر پابندی عائد کردی ہے

## پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں میں پانی کی قلت کسانوں کی مویشیوں سمیت نقل مکانی

**گمسی شاخ باری شاخ سمیت نصف درجن شاخوں کے ٹیل بلوچستان کے سب سے بڑے کیٹل فارم کی ہزاروں ایکڑ زمین بنجر ہونے لگی ہزاروں تالاب خشک**

**علاقے میں قحط سالی کی صورتحال، بھاگ ناڑی نسل کی قیمتی گائے بیمار پڑنے لگی، محکمہ اریگیشن ایک ہفتہ گزرنے کے باوجود ایکسین تعینات نہیں کر سکے**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی قلت شدت اختیار کر گئے گمسی شاخ باری شاخ سمیت نصف درجن شاخوں کے ٹیل کے حکومت بلوچستان کا سب سے بڑا کیٹل فارم ہزاروں ایکڑ زمین بنجر پڑنے سمیت پانچ ہزار سے زائد دیہاتوں کے تالاب خشک پڑے گئے بڑے پیمانے پر کسانوں کی مال مویشی سمیت نقل مکانی شروع کیٹل فارم کے بھاگ ناڑی نسل کے قیمتی گائے کیٹل بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے سب سے بڑے نہری نظام پٹ فیڈر کینال کی تحصیل تمبو کی گمسی شاخ عمرانی شاخ


بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر


باری شاخ شاخ [illegible] شاخ ٹیل شاخ [illegible] سمیت دیگر شاخوں کو اریگیشن محکمہ اب تک بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم کے باوجود ٹیل نہیں کر سکے جس سے ٹیل میں لاکھوں ایکڑ کاشتکاری کی اراضی بنجر ہونے اور ہزاروں دیہاتوں کے پانچ ہزار سے زائد تالاب خشک ہونے سے علاقے میں قحط کا منظر ہونے کی وجہ سے بڑے پیمانے پر قیمتی جانوروں کے مرنے کی وجہ سے کسانوں نے نقل مکانی شروع کر دی ہے جبکہ باری شاخ ٹیل پر بلوچستان حکومت محکمہ حیوانات کے ہزاروں ایکڑ اراضی بنجر ہونے پانی کی قلت کی وجہ سے بھاگ ناڑی نسل کے قیمتی گائے کیٹل بیمار ہونے لگے ہیں

## کالعدم ٹی ٹی پی سے مذاکرات، بلوچستان میں کیوں نہیں؟ بی این پی اور نیشنل پارٹی کا کردار

ملک کو اس وقت سب سے زیادہ استحکام کی ضرورت ہے اور یہ استحکام امن سے مشروط ہے کوئی بھی ملک بغیر امن کے ترقی نہیں کرسکتا۔ پاکستان میں بدامنی کی وجہ سے سرمایہ کاری پر بہت زیادہ فرق پڑا ہے جس کی وجہ سے متعدد ممالک نے پاکستان کے اندر سرمایہ کاری کا رسک نہیں لیا۔ اندرون خانہ حالات بہتر ہوجائیں تو سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑے گا اس کے لیے امن پر زور دینا انتہائی ضروری ہے یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی سے بات چیت کے متعلق مشاورت حکومت کی جانب سے کی جارہی ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی نے کہا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) سے متعلق حتمی فیصلہ پارلیمنٹ کی منظوری اور اتفاق رائے سے کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں سیاسی وعسکری قیادت نے شرکت کی۔ شرکاء کو کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ ہونے والی بات چیت سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ حتمی فیصلہ آئین پاکستان کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری، مستقبل کے لئے فراہم کردہ رہنمائی اور اتفاق رائے سے کیا جائے گا۔ سیاسی قیادت نے معاملات سے نمٹنے کی حکمت عملی اور اس میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس کو ملکی داخلی اور خارجہ سطح پر لاحق خطرات اور ان کے تدارک کے لئے کئے جانے والے اقدامات اور پاکستان افغانستان سرحد پر انتظامی امور کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پاکستان نے افغانستان میں امن واستحکام کے لئے نہایت ذمہ دارانہ اور مثبت کردار ادا کیا ہے اور افغانستان میں امن اور استحکام کے لئے اپنا تعمیری کردار جاری رکھے گا۔ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کاوشوں اور قربانیوں کو دنیا نے تسلیم کیا۔ افواج پاکستان کی بے مثال قربانیوں کی بدولت ملک بھر میں ریاستی عملداری، امن کی بحالی اور معمول کی زندگی کی واپسی کو یقینی بنایا گیا۔ آج پاکستان کے کسی حصے میں بھی منظم دہشت گردی کا کوئی ڈھانچہ باقی نہیں رہا۔ اجلاس کے شرکاء کو ٹی ٹی پی کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے بارے میں بھی تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو اس تمام پس منظر سے باخبر کیا گیا جس میں بات چیت کا یہ سلسلہ شروع ہوا اور اس دوران ہونے والے ادوار پر بریفنگ دی گئی۔ افغانستان کی حکومت کی سہولت کاری سے ٹی ٹی پی کے ساتھ بات چیت کا عمل جاری ہے۔ حکومتی قیادت میں سول اور فوجی نمائندوں پر مشتمل کمیٹی نمائندگی کرتے ہوئے آئین پاکستان کے دائرے میں بات چیت کررہی ہے۔ حتمی فیصلہ آئین پاکستان کی روشنی میں پارلیمنٹ کی منظوری مستقبل کے لئے فراہم کردہ رہنمائی اور اتفاق رائے سے کیا جائے گا۔ سیاسی قیادت نے معاملات سے نمٹنے کی حکمت عملی اور اس میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بہرحال صرف ٹی ٹی پی سے ہی نہیں بلوچستان میں بھی اس عمل کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے اس وقت بلوچستان کی ایک اہم پارٹی بی این پی حکومت کا حصہ ہے اس کے ساتھ نیشنل پارٹی کو بھی آن بورڈ لیتے ہوئے مذاکرات کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل دی جائیں اگر کوشش کی جائے تو کوئی نتیجہ ضرور نکلے گا۔ کیا حکومت بلوچستان میں مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے بلوچستان کی دو بڑی بلوچ قوم پرست جماعتیں بی این پی اور نیشنل پارٹی کو مکمل مینڈیٹ دیتے ہوئے ٹاسک دے گی تاکہ وہ بات چیت کے لیے پلان ترتیب دیں، امید ہے کہ ایسی کوشش کی جائے گی البتہ یہ بھی ایک مسئلہ ہے کہ بی این پی اور نیشنل پارٹی کے درمیان خلیج موجود ہے جس کی وجوہات پر آئندہ کبھی بات ہوگی مگر بلوچستان کے مستقبل کی خاطر ان جماعتوں کو فراخدلی سے بڑے فیصلے کرنے ہونگے تاکہ بلوچستان میں امن کے ساتھ خوشحالی اور ترقی آسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Qtl.

Bullet No. 6

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 15


## ترقی یافتہ بلوچستان مستحکم پاکستان

پاکستان اور بلوچستان کی ترقی لازم وملزوم ہے بلوچستان کی ترقی پاکستان سے جڑی ہے بلوچستان کی ترقی سے پورا پاکستان ترقی کرے گا دنیا کی معروف اور منفرد پورٹ گوادر اور ریکوڈک سونے کی کان سمیت لاتعداد قدرتی معدنیات کے ذخائر سرزمین بلوچستان میں پائے جاتے ہیں رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ بلوچستان پسماندہ اور محرومیوں کا شکار رہا ہے ماضی میں وفاقی حکومتوں نے رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑے صوبے کے ساتھ ناانصافیاں روا رکھیں تاہم وفاقی منصوبوں میں بلوچستان کو زیادہ اہمیت دی جائے تو اسکی محرومیوں میں کسی حد تک کمی کی جاسکتی ہے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا حالیہ دورہ گوادر اور تسلسل کیساتھ بلوچستان کے دورے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ موجودہ وفاقی حکومت بلوچستان کیساتھ ماضی میں کی جانیوالی ناانصافیوں کے ازالے کیلئے کمربستہ ہو چکی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعظم کے دورہ گوادر کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان کے محرومیوں اور ماضی میں صوبے کیساتھ ہونیوالی ناانصافیوں کا برملا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ اگر وفاقی حکومت نے بلوچستان کی جانب خصوصی توجہ نہ دی تو بلوچستان کی حالت سو سال میں بھی تبدیل نہیں ہوگی یہ امر خوش آئند ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کو اپنی ترجیحات میں شامل کررکھا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کو مسائل سے نکالنے کیلئے اس کے حصے سے بڑھ کر دینا ہوگا ورنہ ہمیں بین الاقوامی طور پر بہت سے مسائل کا سامنا ہے اور بیرونی قوتیں ہمارے لوگوں کو بنیادی حقوق نہ ملنے کی آڑ لے کر بدامنی پیدا کرنے کیلئے استعمال کررہی ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمیں وزیراعظم سے بہت سے توقعات ہیں جس طرح انہوں نے پنجاب کی ترقی کیلئے کام کیا ہے ہمیں یقین ہے کہ وہ اسی طرز پر بلوچستان کی ترقی کیلئے بھی کام کریں گے اللہ تعالیٰ نے انہیں پورے پاکستان کو ترقی دینے کا موقع فراہم کیا ہے ہمیں امید ہے کہ وزیراعظم بلوچستان کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم کا دورہ گوادر انتہائی اہمیت کا حامل ہے وزیراعظم بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت سی پیک اور گوادر کو خصوصی اہمیت دے رہے ہیں وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر ماہی گیری کے شعبے کے فروغ اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبوں پر عملدرآمد کررہی ہیں گوادر اولڈ ٹاؤن کی ترقی کے منصوبوں کا آغاز کیا گیا ہے گوادر بندرگاہ کو کامیاب بنانے کیلئے چاہ بہار بندرگاہ کی طرز پر ٹیکس فری زون بنانے سے ترقی کا عمل تیز ہوگا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے گوادر آئندہ آنے والے برسوں میں پاکستان کا صنعتی اور تجارتی حب ثابت ہوگا گوادر مستقبل کی پورٹ سٹی بننے جارہا ہے گوادر کی ترقی بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ہماری تمام تر توجہ گوادر کی ترقی اور مسائل کے حل پر مرکوز ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گوادر اولڈ ٹاؤن کی بحالی کے منصوبے کی کل لاگت 3305 ملین روپے ہے اس کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت نصف بنیاد پر فنڈز فراہم کررہی ہیں صوبائی حکومت نے آئندہ مالی

اداروں میں سہولیات کی فراہمی ڈی ایچ کیو گوادر کی اپ گریڈیشن ... کروڑ روپے کی لاگت سے گوادر کو فراہمی آب کیلئے واٹر سپلائی سکیم اور گوادر میں سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کے قیام کا منصوبہ بھی بجٹ میں شامل کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گبت، منداور چیدگی میں لوگوں کے روزگار کو یقینی بنانے کیلئے 13 کمرشل بارڈر مارکیٹس کا قیام ہماری ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلی نے فشریز فورس کی تشکیل کی قانونی سازی کی ہے حکومت مقامی ماہی گیروں کیلئے 2 ہزار بوٹ انجن فراہم کرے گی سمندری طوفان سے ماہی گیروں کی کشتیوں اور دیگر املاک کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالے کیلئے فنڈز فراہم کئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سمندری حدود میں غیرقانونی ٹرالنگ اور قومی شاہراہوں پر غیرضروری چیک پوسٹوں کو ختم کردیا گیا ہے تاہم انہوں نے وزیراعظم سے درخواست کی کہ کسٹم اور کوسٹ گارڈ کی غیر ضروری چیک پوسٹوں کو بھی ختم کیا جائے صوبائی حکومت کی کارکردگی کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی کابینہ کے سات اجلاسوں کے انعقاد کے ذریعے 200 سے زائد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی صوبائی اسمبلی نے 25 اہم بل پاس کئے صوبے میں بلدیاتی اداروں کے صاف وشفاف انتخابات کا انعقاد کیا گیا انہوں نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے صحت کارڈ کا اجرا کیا ہے جس سے 18 لاکھ خاندانوں کو 10 لاکھ روپے تک بلامعاوضہ علاج کی سہولت ملے گی صوبے کے کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے کسان کارڈ کا اجرا کیا گیا ہے اور مستحق کسانوں کو اقساط پر گرین ٹریکٹرز فراہم کئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو تکنیکی تعلیم کی فراہمی کیلئے 2 ارب روپے کی لاگت سے انڈوومنٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے پنجگور میں مکران یونیورسٹی اور ایگریکلچر کالج کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جب سے ہم نے حکومت سنبھالی ہے ورثے میں ملنے والے احتجاجوں اور دھرنوں کو بات چیت کے ذریعے ختم کیا گیا آئندہ مالی سال کے صوبائی بجٹ کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے 612 ارب روپے کا بجٹ پیش کیا ہے جس میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 192 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں 59 ارب روپے 3470 نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص کئے گئے ہیں جبکہ سپریم کورٹ کے حکم، پلاننگ کمیشن کی گائیڈ لائن اور صوبائی مالی انتظامی ایکٹ کے تحت ترقیاتی بجٹ کا 70 فیصد حصہ جاری منصوبوں کیلئے مختص کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ نئے مالی سال کے صوبائی بجٹ میں مواصلات، صحت اور تعلیم کے شعبوں کو ترجیح دی گئی ہے اور ہزاروں کی تعداد میں نئی آسامیاں تخلیق کی گئی ہیں جن سے بیروزگاری کے خاتمے میں مدد ملے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کو اس وقت بجلی کی کمی کا شدید مسئلہ درپیش ہے اور صوبے کو اس کے کوٹے کے مطابق بجلی نہ ملنے کے باعث زراعت اور دیگر شعبے مشکلات کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی 70 فیصد سے زائد آبادی کا روزگار شعبہ زراعت سے وابستہ ہے تاہم طویل لوڈشیڈنگ اور بجلی کی کمی بیشی سے فصلوں اور باغات کو پورا پانی نہیں مل رہا اگر صورتحال بہتر نہ بنائی گئی تو نہ صرف شعبہ زراعت بری طرح متاثر ہوگا بلکہ اس سے وابستہ لوگوں کا روزگار بھی ختم ہوجائے گا وزیراعلیٰ نے وزیراعظم سے بجلی کے مسئلے پر خصوصی توجہ دینے کی درخواست کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ چمن، کوئٹہ، کراچی شاہراہ کا منصوبہ وزیراعظم

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 6


## بلوچستان میں زرعی شعبے کو درپیش بجلی کے سنگین مسائل

بلوچستان کے اگلے مالی سال 2022-23 کے بجٹ میں کیسکو ٹیوب ویل سبسڈی کے لئے چار ارب اور زرعی ٹیوب ویلوں کو سولرائزیشن کے لئے دو ارب روپے کی رقم مختص کی ہے۔ صوبے میں زرعی ٹیوب ویلون کا معاملہ کافی عرصے سے تنازعات کا شکار ہے اور سب سے زیادہ واجب الادا رقم زرعی کاشتکاروں کے ذمے بنتی ہے جس کی مالیت اربوں روپے ہے متعین فارمولے کے تحت زرعی ٹیوب ویلوں کے اخراجات وفاقی اور صوبائی حکومت اور زرعی کاشتکار مل کر اٹھاتے ہیں لیکن کیسکو کا موقف یہ ہے کہ زرعی کاشتکار اپنے ٹیوب ویلوں کے واجبات ادا نہیں کرتے یہ مسئلہ طویل عرصے سے حل طلب ہے لیکن اس کا کوئی قابل قبول حل نہیں نکل پایا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا جامع منصوبہ بنایا ہے لیکن اس پر عملدرآمد کی رفتار سست ہے۔ بجلی جس تیزی کے ساتھ مہنگی ہو رہی ہے اس میں زرعی شعبے کے لئے بجلی کے بلوں کی ادائیگی بہت بڑا مسئلہ بن جائے گی۔ اور ان کے ذمے واجبات بھی بڑھتے جائیں گے بہتر ہوگا کہ زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ زرعی شعبے پر بجلی کے اخراجات کے ضمن میں پڑنے والا بوجھ کم ہو سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 7

# Modification of agri-sector

Climate change and water scarcity has inflicted serious damages to lush green orchards of different fruits in Balochistan during the past two decades. The current situation demands the province must transform its agriculture into crops that consume less water. The agricultural experts are stressing for plantation of olive trees. The plantation of olive trees and farming in Balochistan would help tackle water scarcity and promote low water-consuming farming that would yield positive results in future as the province is heading towards becoming a water- stressed region. More than 70 percent of Balochistan masses are associated with agriculture. As agriculture is the mainstay of the economy of the province, thus the government ought to take all measures to promote agriculture. The trends of agriculture and farming have modified to a large level throughout the world but in Balochistan still centuries old conventional style of farming is underway that is labour stressed, less productive and more water consuming. Balochistan has witnessed long draughts in the past upon which orchards of various fruits particularly that of apple, grapes and peaches had been perished. Without measuring the ground realities the farmers invested on apple, cherry fruits orchards that consumed much water and could not sustain when the drought hit Balochistan and the ground water table dropped to an alarming level. Fortunately, Balochistan has been bestowed with a long territory that is suitable for different farming particularly for olive trees. The promotion of olive tree farming can be a productive initiative for the agri-sector if it is taken seriously. It has potential to provide farmers an alternate crop which will help bring prosperity to the downtrodden people of Balochistan. To promote olive farming in Balochistan where its plantation is viable the government must provide farmers training about its plantation and help them unless they begin production. Without the support of the government the framers of Balochistan are unable to take risk and change their centuries old farming patterns. The government, therefore, should establish extraction of olive oil plants in all districts. Since olive trees consume less water and are weather resistant trees, it will also bring a good impact on the environment and climate. It is a reality that without adopting modern farming methods based on science and technology we will not be able to sustain a strong and productive agri-sector in the province. The farmers of Balochistan should change centuries old farming and step into a new era of farming and take benefit from the government's initiative.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No 6

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 18


# Health Affairs

Health has always been the major focus of every government. After education and law and order health stood on the third position in terms of funds allocation. Budget document of Balochistan government shows Rs 38 billion has been allocated in the current financial year budget. Various new projects would be initiated this year. While allocating Rs38 billion total health budget for the fiscal year 2022-23, the Balochistan government has earmarked for the first time Rs1,260 million for construction of buildings, 90 million for construction of rural health centers and missing facilities for Rs 62 Basic Health Units in the province, Rs 375 million for building of trauma center and provisions of missing facilities of Nawab Ghous Bux Raisani Memorial Hospital, Rs, 6,263 for the purchase of drugs and medicines etc. The people of Balochistan are still waiting to avail heath card facility as the government has decided to provide the facility to every individual to ensure universal coverage of the initiative. The provincial government has made all arrangements to launch Balochistan Health Card facility soon at the cost of Rs 5.914 billion, under which health insurance of Rs one million would be provided to 1.875 million families of the province. According to program, the Computerized National Identity Card (CNIC) will be considered the health card for the permanent residents of the province. Objective of the program was to improve the health status of the targeted population through increasing access to quality health services and to reduce poverty through reduction of out-of-pocket payments for health expenditures. Currently over 1.8 million families are settled in Balochistan and there will be 100 per cent coverage under the initiative and the scheme would be funded by regular budget in the future. Healthcare services to the beneficiaries will be provided in the public and private hospitals and more than five to six hundred hospitals all over the country would be on the panel. Punjab and Khyber Pakhtunkhwa governments had already launched the program and providing best healthcare facilities to the poor masses in public and private sector hospitals.

Side by side with health card scheme and emergency support centers government has allocated considerable funds for the establishment of new Basic Health Units at every district of the province, funds are also allocated for the up gradation of the already established BHU centers. Five new district headquarters hospitals would also be established in this current financial year

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 JUN 2022 Page No. 20


# بلوچستان کی محرومی آخر کب تک۔۔۔۔؟

قارئین کرام!صوبہ بلوچستان پاکستان کا وہ بدقسمت صوبہ ہے کہ جس کے باسیوں کی پیسے سے دیگر صوبے اور اپنے حکمران مزے لیتے



تلخ حقیقت


محمد نسیم رنزوریار
Ranzooryar18@gmail.com


ہیں وہ بھوک کی خاطر سڑکوں اور گلیوں میں دن بھر رزق کی تلاش کرتے ہی شام کو خالی ہاتھ گھر لوٹتے ہیں گیس کی پیداوار سے اپنے چولہے ٹھنڈے اور پرائیوں کی چولہوں کو بجھانے والی صوبے کی عوام گیس کیا بجلی سے بھی روزبروز محروم ہوتا جارہا ہے۔یہاں کے عوام دو وقت کے روٹی اور پیٹ پالنے کیلئے سڑکوں پر دیہاڑی کیلئے قطاروں میں کھڑے کھڑے بوڑھے ہوگئے مگر نہ اپنے پیٹ پالنے کا کوئی سسٹم چلا اور نہ بچوں کی مستقبل کا کوئی امید رہا۔بلوچستان میں نوجوانوں کو روزگار میسر نہ ہونے کی وجہ سے خطرناک حد تک منشیات جیسی ناسور میں مبتلا ہوچکے ہیں یا غربت اور مجبوری کی وجہ سے راہزنی ڈاکہ یا دیگر معاشرتی جرائم میں ملوث ہوتے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ اس صوبے کی بچے اور بچیاں دن بھر ڈھیروں پر گھومتے ہی تعلیم صحت اور اپنے بچپن کی حقوق سے محروم کھلے گریباں زندگی بسر کرتے ہیں۔اور ایک سروے کے مطابق بھیک مانگنے والوں کی تعداد بنسبت دیگر صوبوں سے کئی گنا زیادہ ہوچکا ہے۔اگر سروے کی جائیں تو رزلٹ آئیگا کہ صوبہ بلوچستان کے ہزاروں بچوں بوڑھوں اور بوڑھیوں میں بھوک کی بیماری کی وجوہات سامنے آئینگے۔یہاں کے نوجوان نسل میں وقت کے ان پڑھ حکمران اور لالچ سے بھرے سیاستدان قومیت لسانیت اور

افراتفری کی تنازعہ سیاست دل ودماغ میں ڈال رہے ہیں اور وقت کے نسل کو اپنے ذاتی اور خاندانی مفادات کیلئے استعمال کرتے ہیں اس صوبے کے اعلیٰ سے لیکر ادنیٰ تک سیاستدانوں کے بچوں اور خاندانی ممبرز تعلیم۔صحت پاکستان کے مرکزی شہروں سے حاصل کرتے ہیں لیکن غریب عوام کے نوجوان نسل اپنے اور بیٹوں کی مستقبل کیلئے استعمال کرتے ہیں۔یہاں اتنی خوف کا ماحول۔زیادتیوں کی بھرمار۔کرپشن کی انتہاء اور حاکمیت کی راج ہے کہ وقت کے جاگیردار طبقہ سیاسی قوتیں اور خان۔ملک۔نواب غریب عوام کی فریاد کو بھی مزاج نازک پر برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ہیں۔افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ زندگی کے ہر شعبے میں زیادتیاں ہورہی ہے صوبے کے اندر بڑے مگر مچھوں کی غلط پالیسوں کی وجہ سے ایک ضلعے کے لوگ دوسرے ضلعے کے بےبس عوام کی حقوق پر قابض ہیں یہاں نوجوانوں کو پیسوں کی عوض میں ملازمتیں دیتے ہیں میرٹ کا جنازہ یہاں سے کئی سال پہلے نکل چکی ہے بڑے سے لیکر چھوٹے دفاتر میں من مانیوں کا راج ہے بلوچستان کے ہر ضلع و تحصیل میں مروتی سیاستدانوں نے جنگل کا قانون بنا رکھا ہے ہر ایک اپنے پسند کے لوگوں کو ملازمت اور دیگر مراکز میں ڈیوٹیاں دیتے ہیں صوبہ بلوچستان کے قدرتی ذخائر کا فائدہ اپنوں کے بجائے پرائیوں کو جاتی ہے اور صوبائی سطح پر وسائل سے غریب عوام کے بجائے قابض سیاستداں مستفید ہورہے ہیں یہاں سرکاری وغیر سرکاری اوارے جو فعال ہیں سب کے سب سرکاری ہدایات کے بجائے کسی ذاتی اور شخصی عناصر کی ہدایات پر چلتے ہیں دوسری طرف این جی اوز اور انکے برانچز بھی علاقائی سطح پر غریبوں کے نام پر لوٹ مار کرتے ہی آدھا حصہ کرپشن اور آدھا حصے کو علاقے کی معتبرین کے اختیارات

میں دیتے ہیں اگر کوئی ایماندار اور اللہ سے خوف رکھنے والے اعلیٰ سطح کے افسرز چیک اینڈ بیلنس کریں تو یہاں سب سے بڑے مجرم عوامی نمائندے ہی ہونگے۔ہمارے سیاستدان اور بیوروکریٹس سب کھوکھلے نعروں تک محدود ہیں جسکی واضح مثال یہاں غریبوں کیلئے کوئی اسکیم نظام نہیں ہے اگر ہے وہ بھی بڑوں تک محدود ہے غریب کی بس کی بات نہیں ہے کیا وزیراعلیٰ جواب دے سکتے ہیں؟؟؟نوجوانوں کو نوکریاں میرٹ کے بجائے پیسوں کی عوض میں دیے جاتے ہیں کیا چیف سیکرٹری جواب دے سکتے ہیں؟؟؟علاج کیلئے صوبے سے باہر جانا پڑتا ہے کیا غریب اپنے زندگی بچانے یا زندہ جینے کیلئے حق رکھتا ہے اور کیا وزیراعلیٰ نے بھی اس پر نوٹس لیا ہے کہ اتنی بڑی صوبہ ہونے کے باوجود ہم دوسروں کے محتاج کیوں ہیں؟؟؟اسکالرشپ غریب کے بچوں کو نہیں ملتی ہے جب ملتے ہیں تو معتبرین کے بچوں کو ملتی ہے کیا کبھی گورنر صاحب نے اس بارے میں اظہار خیال کرنے کا ارادہ کیا ہے؟؟؟بجلی پانی تعلیم اور دیگر ضروری وسائل سے محروم عوام کے بارے میں کبھی وزیراعظم نے کچھ کہنے کا تکلیف کیا ہے؟؟؟سرکاری مراعات سے غریب عوام کیوں محروم ہے کیا صوبائی وزراء جواب دے سکتے ہیں؟؟؟کیا عوام کے اس حقوق کے متعلق میڈیا نے بلند و بانگ دعوں کے بغیر کچھ کیا ہے؟؟؟افسوس ہے کہ یہاں سیاست۔شہرت۔دولت۔طاقت۔اور بے بس عوام کے دلوں میں خوف و ہراس پھلانے کیلئے کالے شیشے۔کلاشنکوف کلچر۔اسلحے کی نمائش اور مظلوم عوام کی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی بولیاں لگائے جاتے ہیں آخر تک اس بدقسمت صوبے کو اپنے مٹی سے وفادار نہیں ملا یہی کمی ہے کہ صوبہ بلوچستان کبھی دھماکوں کی آگ میں جلتی ہے کبھی خون کی ندیوں میں ڈوبتی ہے کبھی روڈ حادثات سے مصیبت زدہ ہوتی ہے اور کبھی بڑوں کی ہاتھوں سے لوٹی جاتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 25 JUN 2022 Page No. ______



صوبائی وزیر انجینئر زمرک سے اصغر باچا کی قیادت میں پنجاب ڈویژنل پبلک اسکول فیصل آباد کے فارغ التحصیل طلباء کا وفد ملاقات کررہا ہے

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو ڈپٹی سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ جہاں آرا تبسم اپنی تصانیف پیش کررہی ہیں



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری قانون ڈاکٹر ربابہ بلیدی، ڈاکٹر عمر بابر و دیگر ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں



صوبائی وزراء حاجی نور محمد دمڑ، سردار عبدالرحمن کھیتران، میر اسداللہ بلوچ، حاجی محمد خان لہڑی، نوابزادہ گہرام بگٹی اور خلیل جارج اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

Century Express Quetta



صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں مختلف واقعات میں شہید ہونے والوں کے لئے فاتحہ خوانی کی جارہی ہے



صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی کو ڈویژنل پبلک سکول فیصل آباد کے فارغ التحصیل طلباء کی جانب سے عبدالقادر کھرل ٹیپو سلطان بھٹی پگڑی پہنا رہے ہیں